## سوال

میں بہت عرصے سے شیعہ بیانات سن رہاہوں، وہ ابوطالب کو مجہول طریقے سے مسلمان ثابت کرنے کےلیے حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہ کب اسلام لائی تھیں؟ اس حوالے سے میری رہنمائی فرمادیں۔

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بہت سارے علماء کرام رحمہم اللہ نے حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے اسلام قبول کرنے کی توثیق کی ہے اور ذکر کیا ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے بعد اسلام لے آئی تھیں۔ اس لیے علماء کرام نے انہیں صحابیات میں شمار کیا ہے۔

(تفصیل کےلیے دیکھیں: الاصابہ از ابن حجر: جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 87، الاستیعاب از ابن عبد البر: جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 1812، الاعلام از زرکلی: جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 271)

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ الحدیث حافظ مفتی عبد الستار حماد حفظہ اللہ